نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کے زیادہ گندم اگاؤ پیکج کے تحت انعامات کے حصول کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور: **12 دسمبر 2024**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ میں گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے فروغ کے لیے اربوں روپے کا خصوصی پیکیج متعارف کرایا گیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اس خصوصی پیکیج کے تحت 12.5 سے 25 ایکڑ تک ملکیتی رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کو 1 ہزار لیزر لینڈ لیولرز جبکہ 25 ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کو 1 ہزار گرین ٹریکٹرز بذریعہ شفاف قرعہ اندازی مفت فراہم کیے جائیں گے۔اس ضمن میں 25 نومبر سے درخواستوں کی وصولی کا عمل جاری ہے اور نان کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار درخواست فارم متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے دفتر سے مفت حاصل کر کے اپنی درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرا سکتے ہیں جبکہ آن لائن درخواست دینے کیلئے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** اور **http://growwheat.punjab.gov.pk** کا وزٹ کریں۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ **31 دسمبر 2024** مقرر کی گئی ہے۔انعامات حاصل کرنے کیلئے کاشتکار اپنے کاشتہ رقبہ کے بارے میں محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی افسران سے رابطہ میں رہیں تا کہ اس پروگرام کیلئے انہیں رجسٹر کیا جا سکے۔مزید معلومات کے لیے درخواست گزار ہیلپ لائن **0800-17000** پر بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆